# نیشنل ریفائنری لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کا انسٹھواں (59 واں) سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ، مورخہ 19 اکتوبر، 2022 کو دوپہر 14:00 بجے، بمقام میریٹ ہوٹل، کراچی میں اور الیکٹرانک ذرائع سے بھی، درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی اُمورِ کار:**

1۔ مورخہ 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول ان پر بورڈ اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور و منظوری۔

2۔ بعد از غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے 150 فیصد یعنی -/15 روپے فی شیئر کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری دینا۔

3۔ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

**دیگر اُمورِ کار:**

4۔ اس طرح کے دیگر اُمور جنہیں چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیا گیا ہو، انہیں انجام دینا۔

**بحکم بورڈ**

**محمد عطاء الرحمان ملک**

**کمپنی سیکریٹری**

کراچی: مورخہ 23 ستمبر 2022

**نوٹس:**

**1۔ منتقلیٔ حصص کی کُتب کی بندش:**

کمپنی کے ممبران کا رجسٹر **12 اکتوبر 2022 سے 19 اکتوبر 2022** تک (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا اور شیئرز کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لئے قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

جو منتقلیاں شیئر رجسٹرار:

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی - 74400

کے دفتر میں 11 اکتوبر 2022 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہوں گی وہ ٹرانسفریز کی اہلیت کے تعین کے مقصد کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

**2۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت:**

**الف) الیکٹرانک ذرائع سے:**

ذاتی طور پر شرکت کے بجائے وڈیو لنک یعنی ZOOM ایپلی کیشن کے ذریعے، اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہاں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ AGM کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ای میل ایڈریس **cdcsr@cdcsrsl.com** یا واٹس ایپ نمبر **+92 321-8200864** پر درج ذیل تفصیلات فراہم کر کے سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس اپنا اندراج کروائیں:

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | *CNIC/ پاسپورٹ نمبر | فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | ** ای میل ایڈریس | ** موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | نیشنل ریفائنری لمیٹڈ | | | | |

* شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز اصل CNIC یا پاسپورٹ کی کاپی بھی پیش کریں گے۔

** شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا فعال ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر فراہم کریں۔

**ب) ذاتی طور پر:**

- ایک فرد کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروانا ہوگی۔
- کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، میٹنگ کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس میں نامزد شخص کے نمونہ دستخط ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) پیش کرنا لازمی ہوگی۔

**ج) پراکسیوں کی تقرری کے لیے:**

- ایک ممبر اپنے بجائے کسی دوسرے شخص کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا ممبر ہونا لازمی نہیں ہے۔
- پراکسی، مؤثر ہونے کے لیے، میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں تحریری طور پر دستخط شدہ، مصدقہ، مہر ثبت کر کے جمع کروانا ہوگی۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کے ہمراہ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہوگی۔
- پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے اختتام پر منسلک ہے اور ساتھ ہی کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے۔

**3۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر/ نیشنل ٹیکس (NTN) نمبر:**

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کے مطابق، جن اراکین نے تاحال اپنے قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور/یا نیشنل ٹیکس (NTN) نمبر (جیسی بھی صورت ہو) فراہم نہیں کیے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے درست قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر اور/یا (NTN) نیشنل ٹیکس نمبر کے سرٹیفکیٹ کی نقول جلد از جلد مندرجہ ذیل طور پر فراہم کر دیں:

- ایسے شیئرز ہولڈرز جن کے پاس کمپنی کے شیئرز فزیکل فارم میں ہوں ان سے درخواست ہے کہ اوپر درج کردہ معلومات شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا پتہ پر جمع کرائیں۔
- سنٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت اپنے شیئرز ہولڈنگ کو برقرار رکھنے والے حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات براہ راست سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) کے شرکت کنندہ/ سرمایہ کار اکاؤنٹ سروس کو جمع کرائیں۔

**4۔ نقد منافع منقسمہ کی برقی طور پر ادائیگی - (لازمی):**

کمپنی کے ممبران، جنہوں نے اپنے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ انہیں ای ڈیویڈنڈ فارم (جو سالانہ رپورٹ کے آخر میں منسلک ہونے کے ساتھ ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.nrlpak.com پر بھی دستیاب ہے) کے ذریعے فراہم کریں۔ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم موجودگی یا نامکمل تفصیلات کی صورت میں، کمپنی ان شیئر ہولڈرز کے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کو روکنے پر مجبور ہوگی جنہوں نے اسے فراہم نہیں کیا ہے۔

**5۔ نظر ثانی شدہ شرح پر انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے مطابق منافع منقسمہ کی ادائیگی پر ٹیکس کٹوتی کی شرح یکم جولائی 2022 سے درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| 1- ATL میں موجود افراد کے لئے | 15% |
| 2- ATL میں موجود نہ ہونے والے افراد کے لئے | 30% |

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر ہولڈر آیا وہ ATL میں ظاہر ہو یا ATL میں ظاہر نہ ہو انفرادی طور پر برتا جائے گا اور ہر جوائنٹ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر ٹیکس منہا کیا جائے گا جو شیئر ہولڈرز کی جانب سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر حسبِ ذیل مطلع کی گئی ہوں گی، بصورتِ دیگر ہر حصص یافتہ کا شیئرز میں تناسب مساوی سمجھا جائے گا اور اسی اعتبار سے منہا کیا جائے گا۔

| کمپنی کا نام | فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | | |

قومی شناختی کارڈ نمبر/ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی تفصیلات اب لازمی ہیں اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے وقتاً فوقتاً اَپ ڈیٹ اور جاری کردہ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق ٹیکس کی حیثیت کی جانچ پڑتال کے لئے ضروری ہیں۔

**6۔ انکم ٹیکس/زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ:**

جو ممبران انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنیٰ کے خواہاں ہیں یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک درست ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جو بھی ممکن ہوں جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کی کٹوتی نہ چاہنے کے خواہشمند ممبران سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ کی کٹوتی سے مستثنیٰ ہونے کے لئے کارآمد اقرار نامہ (ڈکلیریشن) جمع کروائیں۔

**7۔ غیر دعویٰ شدہ حصص/منافع منقسمہ:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے مطابق کمپنی نے غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ حصص/منافع منقسمہ کے سلسلے میں، ایسے تمام حصص یافتگان کو وقتاً فوقتاً ان کے آخری معروف پتہ پر جو کہ کمپنی کو دستیاب ہے، نوٹسز ارسال کیئے ہیں اور اس کے بعد اخبار میں اشتہار بھی شائع کیئے ہیں، کہ وہ اپنا دعویٰ درج کرائیں، اس کے مطابق اگر مقررہ مدت کے دوران متعلقہ ارکان کی جانب سے کوئی دعویٰ دائر نہیں کیا گیا تو کمپنی قانونی تقاضوں کے مطابق کاروائی کو آگے بڑھائے گی۔

**8۔ ویڈیو لنک کی سہولت:**

اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل ایک ہی شہر میں رہنے والے ممبران کی درخواست پر جو کمپنی کے کل ادا شدہ سرمائے میں سے کم از کم دس فیصد کے حامل ہوں، اس شہر میں ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے گی، تاکہ ایسے ممبران ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کر سکیں۔

**9۔ ایڈریس کی تبدیلی:**

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع دیں:

- فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو، اور
- سی ڈی ایس کے تحت برقرار رکھی گئی شیئر ہولڈنگ کی صورت میں، سی ڈی سی کے شرکت کنندہ/ سرمایہ کار اکاؤنٹ سروس کو۔

**10۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:**

مورخہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر آویزاں کر دیا گیا ہے۔

**11۔ سالانہ رپورٹ کی برقی طور پر ترسیل:**

جو ممبران مستقبل میں برقی طور پر سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے حصول میں دلچسپی رکھتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.nrlpak.com پر فراہم کئے گئے رضامندی فارم پر اپنے متعلقہ ای میل ایڈریس کو کمپنی شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ تاہم، کمپنی ایسے ممبران کو اضافی طور پر سالانہ رپورٹ کی نقول ان کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

**12۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع کروانا:**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی روشنی میں، ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو تجویز کیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو ہدایات دیں جن کے پاس ابھی بھی فزیکل شکل میں حصص ہیں، کہ انہیں اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی اشد ضرورت ہے، بک انٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے بے شمار فوائد ہیں جن میں شیئرز کی محفوظ تحویل، ملکیت کی فوری منتقلی اور نقصان، گمشدہ، جعلی یا ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹ کا کوئی خطرہ نہ ہونا ہے۔ اس کے مطابق، طبعی حصص رکھنے والے حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کسی بھی بروکرز یا انویسٹر اکاؤنٹ میں براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ کھول کر اپنے طبعی حصص اسکرپ لیس فارم میں رکھیں۔

**13۔ ایک فولیو میں مختلف فولیوز کا انضمام:**

ریکارڈ کے مطابق، کچھ حصص داران ایک ہی تفصیلات کے تحت ایک سے زیادہ فولیو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ دو مختلف فولیو رکھنے پر حصص داران کے لیے منافع/بونس کی شکل میں مختلف فوائد حاصل کرنے میں پریشانی ہو سکتی ہے۔ بہتر خدمات اور سہولت فراہم کرنے کے لیے، اس طرح کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کو درخواست بھیجیں کہ وہ تمام فولیوز کو ایک فولیو میں ضم کر دیں۔

**14۔ فزیکل شیئر ہولڈرز کی لازمی رجسٹریشن کی تفصیلات:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کی شق 19 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو ہدایت دی جاتی ہیں کہ وہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی قسم کی زحمت سے بچنے کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ایڈریس، ای میل ایڈریس/ ٹیلی فون نمبر فوری طور پر فراہم کریں۔

ORIENTmMcCANN